24/05/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*........وزیر اعظم نریندر مو دی نے ترقیاتی اہداف کو حاصل کرنے کےلئے مرکز اور ریاستوں کے ما بین بہتر تال میل اور اشتراک پر دیا زور۔

*........وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نیتی آیوگ کی میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی ترقیاتی ضررویات اور چلینجوں کو کیا اجا گر۔

*........ متعدد اہم شخصیات اور وفود ایل جی سے ملاقی// عوامی نوعیت کے مختلف معاملات پر ہوا سیر حاصل تبادلہ خیال ۔

اور

*........ سرینگر سے حج پروازوں کی روانگی کا سلسلہ کل ہو گا دوبارہ شروع۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مو دی نے تمام ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ کم سے کم ایک ایک سیاحتی مقام کو عالمی معیارات کے مطابق ترقی دیں۔ نئی دلی میں آج نیتی آیوگ کی دسویں گورننگ کونسل میٹنگ سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے تیز تر ترقیاتی عمل کی اہمیت کواُجاگر کر تے ہوئے کہا کہ مرکز اور ریاستوں کے اشتراک سے کسی بھی ہدف کو حاصل کرنا نا ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے وِکست بھارت کو 140کروڑ عوام کے احساسات سے تعبیر کیا۔ انہوننے کہا کہ خواتین کو ورک فورس میں مربوط کرنے کےلئے قوانین اور پالیسیاں مرتب کی جانی چاہئے۔ میٹنگ میں ملک کو درپیش ترقیاتی چلینجوں پر سیر حاصل بحث ہو ئی۔ میٹنگ میں تمام ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ، یوٹیز کے لیفٹنٹ گورنر، مرکزی وزراءکے علاوہ نیتی آیوگ کے وائس چیرمین، CEOممبران اور نے بھی شرکت کی۔

عمر

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی نئی دلی میں منعقد ہ نیتی آیوگ کے گورننگ کونسل میٹنگ میں شرکت کی ۔ انہوننے میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی ترقیاتی ترجیحات کو اجا گر کرتے ہوئے خطے کو در پیش چلینجونکا مقابلہ کرنے اور شمولیاتی ترقی کو یقینی بنانے کیلئے مرکزی سرکار کے بھر پور تعاون طلب کیا۔

درگاہ حضرتبل

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج آثار شریف درگاہ حضرتبل میں ایک گیسٹ ہا وس کا سنگ بنیاد رکھا ۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ پچھلے چند برسونکے دوران زیارت گاہ پر زائرین کیلئے بنیادی سہولیات میسر رکھنے میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اس روحانی مرکز پر زائرین کی آمد اور اُن کیلئے اس متبرک مرکز پر عبادت کرنے میں کافی آسانیاں پیدا ہو رہی ہیں ۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ سماج کو امن دشمن عناصر سے چھٹکارا دلانے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں۔اس موقعے پر جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی بھی موجود تھیں۔

ملاقات

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل کھنمو کے ممبر اور حج کمیٹی آف انڈیا کے رکن انجینئر اعجاز حسین نے آج راج بھون سرینگرمیں ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں حج کمیٹی آف انڈیا کی طرف سے حج کے دوران کئے جا رہے اقدامات کے بارے میں جانکاری دی ۔

وفود

کشمیر کے اربن لوکل باڈیز کی کارڈینیشن کمیٹیوں کے سابقہ صدور کے ایک وفد نے آج ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور عوامی نوعیت کے متعدد معاملات ان کی نوٹس میں لائے۔

DGP

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات نے آج حفاظتی عملے کی مختلف ایجنسیوں کی ایک میٹنگ کے دوران آنے والی شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے مینکئے جا رہے سلامتی انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ بہتر تال میل کیساتھ کام کرکے بلا خلل یاترا کو یقینی بنائیں ۔

ترنگا ریلی

آپریشن سندور کے دوران بھارتی فوجیوں کی بہادری اور بے مثال کارکردگی کو اُجاگر کرنے کےلئے ترنگا ریلیوں کا انعقاد جاری ہے۔ اس سلسلے کے تحت آج بی جے پی کشمیر کی طرف سے قاضی گنڈ میں سہہ پربھاری کشمیر رفیق وانی اور بی جے پی مہیلا وِنگ کی نائب صدر رومیسا رفیق کی قیادت میں ایک ترنگا ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ بعد میں ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدیق رشید کے ساتھ بات کر تے ہوئے رومیسا رفیق نے کہا۔

**ہیرا نگر ریلی**

**وجے شرما کی قیادت میں ایک ترنگا ریلی کا انعقادکیا MLA اُدھر ہیرا نگر قصبے میں بھی آج گیا۔ اس موقعے پر ریلی کے شرکاءنے ہتھیار بند فوج کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے آپریشن سندور کے دوران ان کی بہادری اور عزم کو اجا گر کیا۔**

**پروم ویر چکر**

**آپریشن سندور کی کامیابی پر قوم، ہتھیار بند فوج کو خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ آکاشوانی نیوز نے بھی بہادر فوجی جوانوں کو خراج پیش کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔**

**کو یاد کر رہے ہیں۔پیش ہے آکاشوانی Elbert Ekkaآج ہم پرم ویرچکر ایوارڈ یافتہ لانس نائیک دلی کے نمائندے کی یہ رپورٹ۔**

**----Byte-----**

**چنار کو**

**چنار کور کے کمانڈر نے بارہمولہ میں لائن آف کنڑول کا دورہ کرکے وہاں آپریشنل تیاریونکا جائزہ لیا ۔انہو ں نے اس موقعے پر فوجیونکے ساتھ بات کی اور ان کے عزم اور پیشہ ورایت کی تعریف کی۔**

**راہل گاندھی**

**لوک سبھا میں حزب اختلاف کے لیڈر اور سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے پونچھ ضلع میں سرحد پار کی شیلنگ سے متاثرہ علاقونکا آج دورہ کیا ۔ انہوں نے وہاں متاثرہ کنبونکے ساتھ راہل گاندھی                                بات کی اور ان کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ نے متاثرین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہاکہ ان کے معاملات اور مطالبا ت کو قومی سطح پر اجا گر کیا جائے گا۔**

**کے جنرل سیکریٹری غلام احمد میر بھی ان AICC پردیش کانگریس کے صدر طارق حمید قرہ اور کے ہمراہ تھے۔**

**سکینہ ایتو**

**سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ انکی حکومت جمونو کشمیر میں جسمانی طور خاص افراد کی بہبودی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے تاکہ وہ عزت اور وقار کے ساتھ اپنی زندگی گذار سکیں۔ آج کولگام میں اس طبقے کے لوگوں میں ضروری ساز و سامان تقسیم کرنے**

کی ایک تقریب میں شرکت کرنے کے بعد انہوننے کہاکہ حکومت لوگوں کو ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ بعد میں ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا۔

**چیف سیکریٹری**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج پردھان منتری کرشی سنچائی یوجنا کی سٹیٹ لیول سینگشنگ کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دوران آج75کروڑ 80لاکھ روپے کے واٹر شیڈ ڈیولپمنٹ منصوبے کو منظوری دی ۔ چیف سیکریٹری متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ اس فلیگ شپ اسکیم کے تحت مختلف کاموں کو ترجیحات میں شامل کریں ۔**

**بریک**

**یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔**

**پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن**

**حج**

**سرینگر سے عازمین حج کی سفر محمود پر روانگی کا سلسلہ کل سے دوبارہ شروع ہو رہا ہے۔7مئی کو منسوخ ہوئی پرواز کے ذریعے سے روانہ ہونے والے عازمین اب کل حج بیت اللہ پر روانہ ہورہے ہیں۔ اس سلسلے میں جمونو کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹیوآفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو تفصیلات دیتے ہوئے کہا۔**

**----Byte----**

**حج سہولیات**

**ادھر بھار ت سے حج بیت اللہ پر روانہ ہوئے عازمین نے سعودی عربیہ میں بھارتی حکومت کی طرف سے کئے گئے انتظامات اور سہولیات کی ستائش کی ہے ۔ اقلیتی امور کی وزارت نے سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا ہے کہ وزارت ہر ایک حج عازم کا سفرآسان بنانے اور سعودی عربیہ میں اعلیٰ درجے کی سہولیات دستیاب کرانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کر رہی ہے ۔وزارت نے کہا ہے کہ بھارتی حج مشن عازمین کو طبی نگہداشت کی بہتر سہولیات فراہم کر رہا ہے ۔**

**دن**

Schizophreniaآج  بیماری سے متعلق بیداری پیدا کرنے کا عالمی دن ہے۔ عالمی صحت تنظیم کے مطابق دنیا بھر میں لاکھوں لوگ اس ذہنی بیماری کے شکار ہیں۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انسٹی چیوٹ آف مینٹل ہیلتھ اینڈ نیورو سائنسز بادام واری سرینگر میں سائیکیٹری شعبے کے سربراہ ڈاکٹر محمد مقبول نے اس بیماری کے بارے میں کہا۔

SSP

جمونو کشمیر ٹریفک پولیس محکمہ ٹریفک نظام میں معقولیت لانے کےلئے سنجیدگی کے ساتھ اقدامات کر رہا ہے، جن کا مقصد سفر کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ سڑک حادثات پر قابو پانا بھی ہے۔ اس حوالے سے ایس ایس پی ٹریفک سرینگر اعجاز احمد بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

----Byte-----

سامعین ایس ایس پی ٹریفک اعجاز احمد بٹ کے ساتھ ایک تفصیلی انٹرویو آپ کل رات ساڑھے آٹھ بجے آکاشوانی نیوز سے سماعت کر سکتے ہیں۔ انکے ساتھ ہمکلام ہونگے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

گرفتاری

پولیس نے منشیات کے خلاف کاروائی کو جا ری رکھتے ہوئے آج واگب کراسنگ پر ہدی پورہ رفیع آباد کے فاروق احمد بٹ نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔ اُدھر پولیس نے اننت ناگ میں کئی مقامات پر چھاپے ڈال کر کا فی مقدار میں منشیات   ضبط کی ہیں۔

انت ناگ مہم

اننت ناگ ضلع کے مختلف تعلیمی اداروں میں آج نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت کئی بیداری پروگرامونکا انعقادکیا گیا تاکہ سماج کو منشیات کے بدعت سے مکمل طور پاک کیا جا سکے ۔

یوسمرگ

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے کہا ہے کہ یوسمرگ کو گلمرگ کی طرز پر ایک بہترین سیاحتی مقام کے طور پر ترقی دی جائے گی۔وہ آج ناگبل چرار شریف میں ایک کروڑ 88لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے پرائمری ہیلتھ سینٹر کا افتتاح کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کر رہے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ یوسمرگ کو ترقی دینے سے مقامی لوگوں کی اقتصادی اور سماجی صورتحال بھی بہتر ہوگی ۔

**ساگر**

**نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے آج سرینگر میں پارٹی کارکنوں سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کے مسائل کو حل کرنے اور انکے معیار زندگی میں بہتری لانے کی طرف توجہ مرکوز کئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے چناؤ سے پہلے لوگوں کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو ہر صورت میں پورا کیا جائے گا۔**

**ست شرما**

**جموں و کشمیر BJP کے پارٹی صدر ست شرما ، اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما اور کئی دیگر لیڈروں نے کرناہ ٹنگڈار کا دورہ کرکے وہاں سرحد پار کی شیلنگ سے متاثرین کا جائزہ لیا۔ ست شرما نے انہیں یقین دلایا کہ پارٹی ان کے دکھ درد میں شانہ بہ شانہ کھڑی ہے۔**

**ادھر کھٹوعہ میں آج BJP کے جنرل سیکریٹری اشوک کول کی صدارت میں پارٹی کارکنوں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران ضلع میں پارٹی سرگرمیوں اور حکمت عملیوں پر غور کیا گیا ۔**

**من کی بات**

**وزیر اعظم نریندر مو دی کَل آکاشوانی پر ’’من کی بات‘‘ پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا122 واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام تر نیٹ ورک، AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز ، وزیر اعظم کے دفتر اور AIR،DDموبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ اس پروگرام کوAIRآن اطلاعات و نشریات کے یوٹیوب چینلوں پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔**

**اطلاع**

**آکاشوانی نیوزسرینگر جمونو کشمیر کی رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں اور سماجی و ثقافتی انجمنوں کو اطلاع دیتے ہیں کہ وہ اپنے پریس نوٹ اور آڈیو بائٹس نیوز کے ای میل آئی ڈی radiokashmir@gmail.com پر شام 5بجے تک بھیج دیں تاکہ انہیں موزون طریقے پر خبروں کے بلٹنوں میں شامل کیا جا سکے۔**

**کولگام ژالہ باری**

**کولگام کے مختلف علاقونمیں بھی آج ژالہ باری ہوئی جس سے وہاں کے میو ہ باغات کو کافی نقصان پہنچا ہے ۔ سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے ژالہ بھاری سے ہوئے نقصان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ نقصان کا جائزہ لے کر اپنی رپورٹ فوری طور سے حکومت کو پیش کرے۔**

**شوپیان**

**شوپیان سے ہمارے نمائندے جاں نثار احمد نے خبر دی ہے کہ ضلعے کے مختلف علاقوں میں آج سہ پہر شدید بارشیں اور ژالہ بھاری ہوئی جس کی وجہ سے کھڑی فصلوں اور میوہ باغات کو کا فی نقصان پہنچا ہے۔**

**ACB**

**اینٹی کورپشن بیورو جمونو کشمیر نے ڈی سی آفس سرینگر میں اس وقت ناظر کے عہدے پر تعینات امتیاز احمد بٹ کے خلاف اپنی جائز آمدنی سے زیادہ اثاثے جمع کرنے کی پاداش میں ایک کیس درج کیا ہے۔**

**این سی سی**

**جموں و کشمیر اینڈ لداخ این سی سی ڈائریکٹوریٹ کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل بیولی نے آج این سی سی ٹریننگ ایریا نگروٹہ کا دورہ کرکے وہاں جاری سالانہ تربیتی کیمپ AS کے دوران این سی سی کیڈٹوں کے ساتھ بات چیت کی اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تربیت کے اعلیٰ معیار کو بر قرار رکھنے کیلئے کیڈٹوں کی ستائش کی ۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27.5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت28اعشاریہ9ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر23 اور غروب آفتاب شام7بجکر33منٹ پر ہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح 7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔**